## مسلم لیگ ق کے رہنماء اور سینٹ کے سابق چیئر مین وسیم سجاد کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

## ایم کیوایم کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔9نومبر 2010ء

مسلم لیگ ق کے رہنماء اور سینٹ کے سابق چیئر مین وسیم سجاد نے منگل کی شام نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار اور رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات کی۔اس موقع پر سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر سردار احمد بھی موجود تھے۔ملاقات میں وسیم سجاد نے ایم کیوایم کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور شہید کے قتل کو قومی سانحہ قرار دیتے ہوئے اس واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق ایک اچھے انسان تھے ان سے ہماری ملاقات رہی ہے ان کی شہادت سے ایم کیوایم میں جو خلا پیدا ہوا ہے کافی عرصے تک پُر نہیں ہوسکتا۔انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ برطانوی حکومت شہید کے قاتلوں کو جلد سے جلد بے نقاب کر کے انہیں کیفر کردار تک پہنچائی گی۔وسیم سجاد نے شہید کی والدہ، والد، بیوہ اور دیگر سوگوار لواحقین سمیت ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے مکمل اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت اور سوگوارن کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے وسیم سجاد کا نائن زیرو آمد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انکا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆